کلامِ اصغر

محمد اصغر میر پور

انتساب

ہر حمد و ثناء اپنے اللہ کے لیے اور بے شمار درُود و سلام حضور نبی پاک ﷺ پر۔ میں سمجھتا ہوں کہ مجھ پر یہ اللہ کا خاص کرم ہے جو میں اتنا کچھ لکھ چکا ہوں اب جب کبھی میں اس بارے میں سوچتا ہوں تو بڑا حیران ہوتا ہوں کہ میں نے اتنے تھوڑے عرصے میں اتنی کتابیں لکھ دی ہیں کہ میں جتنا اللہ کا شکر کروں وہ بہت کم ہے۔

میرا کچھ لکھنے کا ارادہ نہ تھا مگر میں ممنون ہوں پروفیسر ارشد محمود صاحب کا جنہوں نے ہمیشہ میری حوصلہ افزائی کی اور جب بھی ان سے مشورہ کیا کہ میں ایک کتاب آپ کے نام کرنا چاہتا ہوں مگر وہ انکساری سے کام لے کر مجھے ہمیشہ ٹال دیا کرتے اس بار میں نے سوچا کہ یہ کتاب ان کے نام ہی کروں گا۔

حمدِ باری تعالیٰ

اللہ کے سوا کسی کے آگے ہاتھ پھیلاتا نہیں ہوں
کسی اور کے آگے میں کبھی گڑ گڑاتا نہیں ہوں
اپنے مالک کی رضا پہ خوش رہتا ہوں
آقا کے سوا کسی اور کے آگے سر جھکاتا نہیں ہوں
اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے مجھ سے دُعا کرو مومنو
اللہ کی بات کسی غیر اللہ کے مقابل ٹھکراتا نہیں ہوں
اسی ہستی سے مانگتا ہوں جو شہ رگ سے قریب ہے
کسی اور کے آگے آنسو بہاتا نہیں ہوں
جو سارے جگ کی بگڑی بنانے والا ہے
اس کے در کو چھوڑ کر کہیں جاتا نہیں ہوں

ہمارے پیارے نبی ﷺ

ظلمت میں کیا اُجالا آپ ﷺ لائے
توحید کا کیا بول بالا آپ لائے
جھوٹے خداؤں کی پجاری تھی دنیا
دلوں سے بتوں کو نکالا آپ ﷺ نے
جو لوگ صراط مستقیم سے بھٹکے تھے
انہیں سیدھی راہ پہ ڈالا آپ ﷺ نے
یتیموں مسکینوں کا کوئی سہارہ نہ تھا
ایسے غریبوں کو سنبھالا آپ ﷺ نے
ہر طرف جہالت کا اندھیرا تھا
اسلام میں سب کو ڈھالا آپ ﷺ نے

جب تم میری تربت پہ آنا دوستو!
میری مغفرت کی دُعا فرمانا دوستو!
یہ دنیاوی پھول تو مرجھا جاتے ہیں
تم اپنی دُعاؤں کے پھول چڑھانا دوستو!
خوشی خوشی لوٹ جانا شہر خاموشاں سے
اُداس ہو کے میری روح کو نہ رُلانا دوستو!
اپنے رب کی بندگی کرتے رہنا سدا
آخرت میں کام آئے گا یہ خزانہ دوستو!
دنیا میں سب دولت کے رشتے ہیں اصغؔر
اب آیا ہے یہ نیا زمانہ دوستو!

اسے پیار کب میری ذات سے تھا
اسے تو مطلب اپنی بات سے تھا
آج وہ بھی گمنام ہے زمانے میں
جو مشہور میری چاہت سے تھا
وہ بھی مفاد پرست تھا اوروں کی طرح
یہ تو ظاہر اس کی ہر بات سے تھا
سنا ہے اس نے کسی سے وفا نہیں کی
وہ کھیلتا ہر کسی کے جذبات سے تھا
بہت چھوٹی تھیں سوچیں اس کی اصغؔر
جس کا تعلق اونچی ذات سے تھا

اے دوست ہم نے پیار کر کے دیکھا ہے
زندگی بھر کسی کا انتظار کر کے دیکھا ہے
تیری محبت چھپائے بھی نہ چھپ سکی
ہم نے خاموشی اختیار کر کے دیکھا ہے
وہ رشتے ٹوٹ ہی جاتے تو اچھا تھا
نادانی میں جنھیں استوار کر کے دیکھا ہے
زیست کا سفر تو بڑا کٹھن تھا لیکن
ہم نے یہ سمندر پار کر کے دیکھا ہے
تیرے غم کا پلڑا پھر بھی بھاری نکلا
زمانے بھر کی خوشیاں شمار کر کے دیکھا

وہ میرے معصوم دل کی ندا تھی
خدا سے مانگی ہوئی کوئی دُعا تھی
اپنی جان سے بڑھ کر چاہا اسے
یہ میرے پیار کی انتہا تھی
کیا کہوں اس کی شیرینیِ گفتار کا
کانوں میں رس گھولتی اس کی صدا تھی
سلام بھیجتی تھی مجھے ہواؤں میں
یوں لگتا تھا جیسے وہ بادِ صبا تھی
میں ہی اس کا ساتھ نہ دے سکا
ورنہ وہ اک مورت وفا تھی
نہ جانے کیسے اسے بھلا پاؤں گا
جس کی ہر بات زمانے سے جدا تھی

دل کو درد آنکھوں کو وہ نیر دے گیا
ہم کو وہ اپنے ہجر کی جاگیر دے گیا
ہم نے جب اس سے اس کی قربت مانگی
تو وہ ہمیں اپنی تصویر دے گیا
وہ ہر روز میرے سپنوں میں آکر
مجھے میرے خوابوں کی تعبیر دے گیا
جب اس نے مجھے دکھی دیکھا
مجھے میرے غم کی تفسیر دے گیا
میں نے جب اس سے ملنے کا پوچھا
وہ مجھے اس سے ملنے کی تدبیر دے گیا
اصغؔر اس کے پیار کا قیدی تھا
اسی لیے مجھے نام وہ اسیر دے گیا

میں غریب انسان ہوں

میں بندہ ناچیز ہوں سب کا عزیز ہوں
خدا کا مجھ پہ کرم ہے آنکھوں میں حیا و شرم ہے
جتنے دوست احباب ہیں سبھی لاجواب ہیں
کاروبار نہ کوئی دکان ہے کرائے کا اک مکان ہے
رب کی رضا ہی خوش ہوں کہ سلامت میرا ایمان ہے
محبت بھری کہانی ہے جو آپ سب کو سنانی ہے
یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں جوان تھا
ہمارے گاؤں سے تھوڑی دور شہر میں اس کا مکان تھا
وہ مجھ سے محبت کرتی تھی میں اس بات سے انجان تھا
وہ میرے دل کی دھڑکن تھی میں اس کی جان تھا
وہ شہر کی رانی تھی میں گاؤں کی شان تھا
وہ میرے دل کا گلشن تھی اس کا باغبان تھا
کچھ قسمت مہربان تھی کچھ اس کا احسان تھا
اک دوجے کے ہو جائیں ہمارا یہی ارمان تھا
میں اسے اپنا بنا نہ سکا
وہ محلوں میں رہنے والی میں غریب انسان تھا

❁❁❁

محبت کا رشتہ

ہمارا اور اُن کا ربط تو مواصلاتی ہے
مگر محبت کا رشتہ بڑا جذباتی ہے
ہر پیغام میں وہ مجھے یاد رکھتے ہیں
میرے لیے یہ بات بھی التفاتی ہے
میری زیست تو ہے خزاں کی صورت
تیری یاد اس میں بہار لاتی ہے
اپنے پیاروں سے دور رہنا پڑتا ہے
کئی بار قسمت انسان کو آزماتی ہے
وہ دلوں کو کبھی ملنے نہیں دیتی
یہ دنیا بھی بڑی نامساواتی ہے
بنا دیکھے کسی سے پیار ہو سکتا ہے
ہمیں یہ بات سمجھ نہ آتی ہے
ہر پل مانگتے ہیں دُعائیں تیری قربت کی
سنا ہے کہ دُعا اپنا اثر دکھاتی ہے

میرے انداز کو شعلہ بیانی تم سے ملی

مجھے پیار کی نشانی تم سے ملی
میرے انداز کو شعلہ بیانی تم سے ملی
جسے مر کر بھی نہ بھول پاؤں گا
ایسی محبت بھری زندگانی تم سے ملی
ہم نے تو کبھی سوچا بھی نہ تھا
اچانک مقدر کی کہانی تم سے ملی
میں کیسے بھلا دوں وہ انمول یادیں
وہ جو اک شام سہانی تم سے ملی
اصغؔر کو سدا ملی خوشیاں تم سے
مجھے کبھی نہ پریشانی تم سے ملی

اگر آپ کی دید ہو جاتی

ایک بار اگر آپ کی دید ہو جاتی
پھر خوشیوں بھری ہماری عید ہو جاتی
جھوٹا وعدہ ہی کر کے ٹال دیتے
آپ سے ملنے کی کچھ اُمید ہو جاتی
اب تک آپ کے انتظار میں بیٹھے ہوتے
جو آپ کی جانب سے نا تردید ہو جاتی
کوئی محبتوں بھرا پیغام ہی بھیج دیتے
اس طرح ہمیں خوشی مزید ہو جاتی
پرانے اشعار ہی بھیجتے ہیں اصغرؔ کو
کیا تھا جو عید پہ شاعری جدید ہو جاتی

محبت میں ایسی خیرات ملی ہے

زخموں کی مجھ سوغات ملی ہے
محبت میں ایسی خیرات ملی ہے
اُجالے تجھ کو مبارک ہوں یارا
ہم کو تو سیاہ رات ملی ہے
خوشی کی تلاش میں نکلے تھے
مگر آنسوؤں کی برسات ملی ہے
ہم تنہا ہی رہ گئے دنیا میں
ہم کو نا کسی کی چاہت ملی ہے
تیری چاہت نے ایسی جلا بخشی
بے جان جسم کو حیات ملی ہے

تیرا خط

کل تیرا خط ملا
تو ایسا محسوس ہوا
کہ اس مفاد پرست
دنیا میں میرا بھی
کوئی محسن ہے
جس کی بدولت میری
زندگی کا ہر پل
روشن ہے
میرا بھی کوئی یار ہے
جسے مجھ سے پیار ہے
میں اس کا سودائی ہوں
اس کی ہر بات کا شیدائی ہوں

وہ میرا محبوب ہے
مجھے صرف وہی مطلوب ہے
میری چاہت کی شان ہے
میری زندگی میری جان ہے
میری محبت کی ابتداء وہی
میری اُلفت کی انتہا وہی
میرے دل کی صدا وہی
میری ندا وہی
غم اس کے قریب نہ آئے
اصغؔر کی دُعا یہی

سنو جاناں

سنو جاناں تمہیں یاد ہو گا
ایک بار تم نے مجھ سے کہا تھا
کہ ہم دونوں مرتے دم تک
ایک دوسرے کے دوست رہیں گے
سارے دُکھ درد اکھٹے سہیں گے
ایک دوسرے کی خوشیوں میں
ہم شریک رہیں گے
نظروں سے دُور سہی
دلوں سے ہم نزدیک رہیں گے
مگر یہ اچانک تجھے کیا ہو گیا ہے
اے دوست تو کہاں کھو گیا ہے
غموں کے سمندر میں بہہ رہا ہوں
اکیلا سارے دُکھ سہہ رہا ہوں
تیرے سوا میرا غم بھلا کون بٹائے گا
بتا کب اپنے دوست اصغؔر سے ملنے آئے گا

اُسے کہنا

اُسے کہنا اُس کی تلاش میں نگر نگر

اُسے دیوانہ وار ڈھونڈھ رہے ہیں

نہ جانے ہم سے ایسی کیا خطا ہوئی ہے

جسے تو نے ابھی تک درگزر نہیں کیا

یارا تیرا انتظار کرتے کرتے

بالوں میں سفیدی آ چکی ہے

اور چہرے پہ جُھریاں چھا گئی ہیں

اس سے قبل کہ موت کا بے رحم ہاتھ

ہماری تلاش میں آ پہنچے

مجھے اپنی صورت دکھا جاؤ

خدا کے لئے اک بار میرے پاس آ جاؤ

اُسے کہنا کہ اک تیری یادوں کے

سوا اور میرے پاس کچھ نہیں

تیری جدائی کے سوا

مجھے اور کوئی دکھ نہیں

تیرا انتظار کیے جا رہے ہیں

تیرے ملنے کی اُمید پہ جیئے جا رہے ہیں

محبت

تم نے مجھ سے
پوچھا ہے جاناں کہ
محبت کیا ہوتی ہے
محبت سکونِ دل
راحتِ جاں ہوتی ہے
یہ الفاظ میں کب
بیاں ہوتی ہے
یہ آنکھوں سے
عیاں ہوتی ہے
اس میں شکوے
گلے نہیں ہوتے
اس میں کبھی
شکایتیں نہیں ہوتیں
محبوب کی ہر ادا
اچھی لگتی ہے
اس کی جھوٹی بھی
سچی لگتی ہے
دلوں کو جیتنا
آسان کام نہیں

کئی بار کسی کی

محبت پانے میں
ساری زندگی لگتی ہے

محبت

صبر و رضا میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتے
بے وفاؤں کی کبھی کوئی نشانی نہیں رکھتے
جس حال میں مولا رکھے خوش رہتے ہیں
اپنے ماضی کی یاد کوئی کہانی نہیں رکھتے
زیست میں دکھ سکھ تو آنی جانی شے ہے
غم کے دور میں آنکھوں میں پانی نہیں رکھتے
نشیب و فراز کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہیں
ایسی باتوں سے دل میں پریشانی نہیں رکھتے
تنہا جینا اپنی عادت سی ہو گئی ہے دوستو
بے درد دنیا میں اپنا دل جانی نہیں رکھتے

نہ جانے کیسے اس نے کھولا تالا دل کا
اب بن بیٹھا ہے وہ رکھوالا دل کا
جو کوئی بھی اس کا پتہ پوچھتا ہے
وہ ہر کسی کو دیتا ہے حوالہ دل کا
یہاں دل جلانے والے تو بہت ملتے ہیں
مشکل سے ملتا ہے چاہنے والا دل کا
سچی محبت کم ملتی ہے زمانے میں
ہر کوئی ملتا ہے لگانے والا دل کا
میں اپنے دل کو سدا خوش رکھتا ہوں
تیرگی کو دور کر دیتا ہے اُجالا دل کا

ہم پہ اپنی رحمت کا مینہ برسا مولا

ہم پہ اپنی رحمت کا مینہ برسا مولا
اُمت مسلمہ کی بگڑی بنا مولا
جو صراطِ مستقیم کی سمت جاتی ہو
ہم سب کو تو ایسی راہ دکھلا مولا
انجانے میں شرک کے مرتکب نہ ہوں
ہمیں توحید کا اصل مفہوم سمجھا مولا
جو مُلّاں اپنے سوا سب کو کافر جانیں
ایسے جاہل علماء سے ہم کو بچا مولا
غیر مذہب بھی ہم سب پہ رشک کریں
ہم سب کو ایسے سچے مسلم بنا مولا

اسلام کیا ہے دنیا کو سمجھایا آپ ﷺ نے

اللہ سے سب کو متعاف کرایا آپ ﷺ نے
اسلام کیا ہے دنیا کو سمجھایا آپ ﷺ نے
جو بت پرستی میں ڈوب چکے تھے
توحید کا راستہ انہیں دکھایا آپ ﷺ نے
بات بات پہ فال نکالا کرتے تھے جو
صراطِ مستقیم کیا ہے بتایا آپ ﷺ نے
جو لوگ اللہ کے شریک رکھتے تھے
اس طرح کی سوچوں کو مٹایا آپ ﷺ نے
عیش و عشرت کے رسیا تھے جو
اللہ سے ان کا ربط بڑھایا آپ ﷺ نے

ہم پہ اپنے اللہ کا بڑا احسان ہے
گھر نہیں تو کیا اپنا سارا جہان ہے
چلنے کے لیے ساری زمیں اپنی
اور ہمارے سر پہ کھلا آسمان ہے
قسمت کے سمندر میں بڑے طوفان ہیں
مگر میری کشتی پہ نہ کوئی بادبان ہے
ہم اور کسی سے کیا گلہ کریں
اپنا یار ہی ہم سے بدگمان ہے
وہ ظالم جو اصغؔر سے روٹھ گیا ہے
لگتا ہے اب وہ بھی پشیمان ہے

غم کے ماروں کو ہنسایا جائے
روٹھنے والوں آج منایا جائے
جن لوگوں کی خوشیاں سو چکی ہیں
مسرتوں کا شربت پلا کر جگایا جائے
آج تنہائی مجھے کاٹنے کو دوڑتی ہے
اب ایسے عالم میں کسے بلایا جائے
ہجر کے موسم میں کیسے مسکراتے ہیں
ہمیں بھی یہ فلسفہ سمجھایا جائے
اصغؔر کی زیست تو غم ہی ہیں جاناں
سوچتا ہوں کسے ہم راز بنایا جائے

مبارک ہوسب کو ماہِ رمضان کی

مبارک ہو سب کو ماہِ رمضان کی
آج آزادی ختم ہو گئی ہے شیطان کی
اللہ کے آگے جھولیاں پھیلائیں گے
سب لوگ مرادیں دل کی پائیں گے
مبارک ماہ میں اپنی عاقبت سنوار لو
یتیموں کی مدد کر کے دُعائیں بے شمار لو
گلیاں سجی ہیں رونق نہ دیکھی کبھی گلزاروں میں
اب تو موسمی نمازی بھی لوٹ آئیں گے
دوکاندار قیمتیں اپنی مرضی سے لگائیں گے

وہ قاتل اور ہم مقتول ہیں
ہم گمنام اور وہ مقبول ہیں
ہمارے تن پہ ہے سفید کفن
ان کے ہاتھ میں سرخ پھول ہیں
آنکھیں بند ہوتے ہی بھول جاتے ہیں
ہم لوگوں کے بھی عجیب اصول ہیں
کوئی نہیں اپنا جو ہمیں یاد کرے گا
اب تو ہم لحد کی دُھول ہیں
کوئی نہیں آیا تربت پہ دُعا کرنے
لگتا ہے لوگ کاموں میں مشغول ہیں

ہم نے چاہا تھا کسی کو دیوانے کی طرح
ان کی یادیں ہیں دل میں خزانے کی طرح
میری زیست میں دکھ درد آنسو آہیں
کسی درد بھرے افسانے کی طرح
وہ نہیں ساتھ تو کیا مگر یادیں تو ساتھ ہیں
زندگی گزر جائے گی وقت سہانے کی طرح
اب جب ان کی گلی سے گزرتا ہوں
میری سمت دیکھتے ہیں وہ انجانے کی طرح
ہماری محبت کی داستاں سدا بہار رہے گی
کسی پرانی فلم کے گانے کی طرح

گرداب میں گھرے لوگوں کو کنارے بھی ملتے ہیں
زندگی میں انسان کو کئی بار سہارے بھی ملتے ہیں
بہت بڑی اللہ کی نعمت ہے انساں کی حیات
اس کے سفر میں کچھ لوگ پیارے بھی ملتے ہیں
زیست کی کتاب کے پنوں میں اکثر کبھی کبھی
غم ہستی میں بیتے دنوں کے کفارے بھی ملتے ہیں
ہر شخص کو اس کی محنت کا پھل نہیں ملتا اصغؔر
انسان کو جیون میں قدم قدم پہ خسارے بھی ملتے ہیں
ہر کسی کو ملتی نہیں زمانے بھر کی خوشیاں اصغؔر
اس دنیا میں لاکھوں درد کے مارے بھی ملتے ہیں

دل تو ہر پل بیمار رہتا ہے
جگر میں بھی بخار رہتا ہے
نہ جانے اپنا کیا انجام ہو گا
ہم سے خفا ہمارا یار رہتا ہے
کس کو اپنے دل کا حال سنائیں
مجھ سے درد میرا غم خوار رہتا ہے
نہ جانے کس کو ہم اپنا جانیں یہاں
ہر کوئی یاری کا کرتا بیوپار رہتا ہے
بے وفاؤں کی باتوں میں آ جاتا ہے
اصغرؔ ایسی خطا کرتا بار بار رہتا ہے

وہ جو میرے میں رہتے ہیں

وہ جو میرے دل میں آ کے رہتے ہیں
میرے کانوں میں پیار بھری باتیں کہتے ہیں
میں نے سوچا تھا کہ ختم ہیں آنسو
رُکنے کا نام نہیں لیتے بار بار بہتے ہیں
تھوڑی محبت بھری داد بھی چاہیے ہمیں
ہم اتنے سارے درد جو سہتے ہیں
مشکلیں زندگی کیا آسان ہوئی جاتی ہیں
جس دن سے وہ میرے دل میں آ کے رہتے ہیں
بات سچی و چھوٹی کہتے ہیں اصغؔر جی
اسی لئے آج کل ذرا سوگوار رہتے ہیں

تیرے دل میں اِس بہانے آئے

ہم تیرے دل میں اس بہانے آئے
کیا بہانہ تھا دل تم سے لگانے آئے
تمہیں معلوم ہو نہ پایا ہماری آمد کا سبب
اپنی خواہش تھی کہ ہوش ٹھکانے آئے
مدت سے تشنگی تھی تم سے بات کرنے کی
بڑے دنوں بعد آج یہ پیاس ہم بجھانے آئے
رات کو سو نہ سکے دن کو بے چین رہے
نیند بھیجو کہ وہ ہمیں آ کے سلانے آئے
جب شاعری کرتے ہو تو پیاری کرتے ہو
یہ بات کون اصغؔر کو سمجھانے آئے

یہ زمیں آسماں چاند تارے تیرے

یہ زمیں آسماں چاند تارے تیرے
شاہ و گدا ہیں محتاج سارے تیرے
تو جسے چاہے اسے عتاب دے
جسے چاہے نعمتیں بے حساب دے
جنہیں چاہے ضیاء دے یا ظلمت دے
جو تجھے بھلا لگے اسے عظمت دے
بڑُے انسانوں کو رسی لمبی دیتا ہے
جب کھینچتا ہے تو بڑی تنگی دیتا ہے
اللہ ہی ساری دنیا میں رحمت تقسیم کرتا ہے
مشرکوں کے اعمال میں نہ ترمیم کرتا ہے

سب جہانوں کا تو پروردگار ہے

سب جہانوں کا تو پروردگار ہے
ہر شئے کا صرف تو پالنہار ہے
میری سب خطائیں درگزر کرنا
تیرا یہ بندہ بڑا ہی گنہگار ہے
یہ زمیں و آسماں یہ چاند تارے
یہ سب فقط تیرا ہی چمتکار ہے
کسے عزت دینی ہے کس کو ذلت
ان باتوں پہ تیرا ہی اختیار ہے
تنہا ہی چلا رہا ہے نظامِ ہستی
نہ کوئی تیرا شریک نہ مددگار ہے

کسی کا سچا پیار

کسی دل میں جگہ بنانے میں زمانے لگتے ہیں
کسی کا سچا پیار پانے میں زمانے لگتے ہیں
بڑا کٹھن کام ہے دل کا محاذ فتح کرنا
وہاں اپنا جھنڈا لہرانے میں زمانے لگتے ہیں
کچھ ایسی بھی روتی صورتیں ہوتی ہیں
جن کو ہنسانے میں زمانے لگتے ہیں
نہ جانے محبت میں کیوں ایسا ہوتا ہے
کسی انسان کو بھلانے میں زمانے لگتے ہیں
کاش میری زیست میں وصل کی گھڑی آئے
اصغؔر ایسے لمحے آنے میں زمانے لگتے ہیں

زندگی میں کبھی نہ تکبر کرنا

زندگی میں کبھی نہ تکبر کرنا دوستو
ہر مصیبت میں تم صبر کرنا دوستو
روزِ محشر یہی عمل ہمارے کام آئے گا
ہر پل اپنے اللہ کا ذکر کرنا دوستو
سبھی نعمتیں عطا ہیں پروردگار کی
تم کسی بات کا نہ فخر کرنا دوستو
جتنا ملے اسی پہ قناعت کرنا تم
کسی کے حق پہ نہ نظر کرنا دوستو
نیک کاموں میں اپنا حصّہ ڈالتے رہنا
کوئی بُرا کام نہ مگر کرنا دوستو

کملی والے کے مرید

کملی والے کے جو مرید ہوتے ہیں
ایسے پیارے انسان قابلِ دید ہوتے ہیں
زمانہ انہیں سدا یاد رکھتا ہے
جو حق کی راہ میں شہید ہوتے ہیں
وہ صراطِ مستقیم سے بھٹک نہیں سکتے
دنیا میں جو صاحب توحید ہوتے ہیں
گمراہ لوگوں کو بھلی باتیں اچھی نہیں لگتیں
حق کے متلاشی ان سے مستفید ہوتے ہیں
ہم لوگ خرافات میں اتنے کھو چکے ہیں
اب سب کام ہی جدید ہوتے ہیں

چھوٹی سی کہانی

ہمارا ایک چھوٹا سا گاؤں تھا
جو دھوپ میں چھاؤں تھا
وہاں اک الہڑ مٹیار رہتی تھی
مجھے تم سے محبت ہے ، ہر روز کہتی تھی
اسکول سے جب میں آتا تھا
اسے اپنے راستے میں پاتا تھا
اس طرح دن ماہ میں بدلے ماہ سال ہوئے
اس کے پیار میں اپنے بُرے حال ہوئے
جب ہم پہ شباب آیا وقت پھر خراب آیا
اس کی شادی کی باتیں ہونے لگیں
ہماری چوری ملاقاتیں ہونے لگیں
گاؤں والوں کو ہم سے بیر ہو گیا
اس طرح ہمارا جینا محال ہو گیا
اس کے بھائیوں نے ایک امیر سے اس کی شادی کر دی
ہمارے ارمانوں کی بربادی کر دی
اس کی جدائی کا غم سہہ نہ پایا
میں پردیس چلا آیا
جب بھی اس کی یاد آتی ہے
مجھے خون کے آنسو رُلاتی ہے
میری زیست کو جہنم بناتی ہے

❀❀❀

ایک دن ختم ہو جائے گی زندگانی میری

ایک ختم ہو جائے گی زندگانی میری
یہ اشعار رہ جائیں گے نشانی میری
اپنے نام کی طرح ادنیٰ سا شاعر ہوں
دنیا میں کون یاد رکھے گا کہانی میری
ان کی آنکھوں پہ حسد کا چشمہ تھا
اسی لیے ان لوگوں نے قدر نہ جانی میری
نئے لوگوں سے میں اس لیے گھل مل نہ سکا
ان کی نظروں میں سوچیں تھیں پرانی میری
زیست کے سفر میں کچھ ایسے عظیم انسان ملے
جن اللہ کے بندوں نے اصلی حقیقت پہچانی میری
بُرے وقت میں بھلے دنوں کو یاد کر لیتا ہوں
زیست کی ہر گھڑی گزری ہے سہانی میری
اپنے دشمنوں سے بڑے احترام سے ملتا ہوں
کوئی سمجھ نہ لے اسے نادانی میری
میں ناچیز کس بات کا بھلا مان کروں
یہ مختصر سی زندگی بھی ہے فانی میری

اظہار

ہر روز باغ میں آتی تھی وہ
میری جانب دیکھ کر مسکراتی تھی وہ
میں اُس پہ مرتا تھا
مگر کچھ کہنے سے ڈرتا تھا
وہ مجھے دیکھتی رہتی تھی
آنکھوں کی زبانی بہت کچھ کہتی تھی
سوچتا تھا کیسے عیاں اپنے دل کا راز کروں
کیسے بات کرنے کا آغاز کروں
اِک ٹھنڈی آہ بھر کے
اپنے لہجے کو درست کر کے
اِس طرح میں نے ہمت بڑھائی
قدرت کے مناظر کی بات چلائی
بولی یہ سب تو اک بہانہ ہے
اُس کے پردے میں آپ نے حالِ دل سُنانا ہے
میں نے کہا سچ فرمایا آپ نے
اچھا آئینہ دکھایا آپ نے
کتنے دنوں سے سوچتا تھا کیسے اظہار کروں
خود کو امتحاں کے لئے تیار کروں
آنکھوں میں تیری صورت سمائی ہوئی ہے
دل میں تیری صورت سجائی ہوئی ہے

تیری اُلفت کا دم بھرنے لگا ہوں
تجھے پیار میں کرنے لگا ہوں
اپنے اس دل کو سمجھاؤں کیسے
تجھے اپنا بناؤں کیسے
اپنے پیار کا سہارا دے دو
مجھے اپنا دل پیارا دے دو
اسے کبھی نہ پامال کروں گا
جان سے زیادہ اس کا خیال کروں گا
تیرے سوا اور نہ کچھ چاہیے مجھے
محبت کا مریض ہوں آپ بچایئے مجھے
میری اُلفت کو ٹھکرا نہ دینا
غم کو میرا ساتھی بنا نہ دینا
نہ جانے غموں سے کیسے لڑ پاؤں گا
تیری جدائی سے مر جاؤں گا
اُس کی آنکھوں سے اِک سمندر جاری ہو گیا
مجھ پہ بھی سکتہ سا طاری ہو گیا
اپنی سسکیوں کو تھام کر وہ کہنے لگی
جذبات کے سمندر میں بہنے لگی
تقدیر نے مجھ پہ بہت ستم ڈھائے ہیں
زندگی بھر دکھ ہی دکھ پائے ہیں

ایک سانس سکھ کا نہیں لیا میں نے
اِس جیون کو اک بوجھ کی مانند جیا میں نے
تیرے دل میں محبت کا سمندر ہے
ویسی ہلچل میرے بھی اندر ہے
سچے پیار کے خواب دیکھتے ہیں
بڑے بے حساب دیکھتے ہیں
کسی سے دل کی باتیں کہوں یہ سپنا تھا
مگر دُنیا بھر میں نہ کوئی اپنا تھا
تیری زندگی میں آنا چاہتی ہوں
دنیا کو بھول جانا چاہتی ہوں
پھر ہم دونوں اِک دُوجے کی بانہوں میں کھو گئے
دُنیا و جہاں سے بے خبر ہو گئے

پریم کہانی

اِک چھوٹی سی پریم کہانی ہے جو سن لو تو مہربانی ہے
میرے پڑوس میں ایک حسینہ رہتی تھی جو مجھے چاہتی تھی
ہم ایک کلاس میں پڑھتے تھے بات بات پہ لڑتے تھے
عمر کے ذرا کچے تھے اس وقت ہم دونوں بچے تھے
اظہار کرنے کا سلیقہ نہ تھا پیار جتانے کا طریقہ نہ تھا
ہمت کر کے خط اس کی سہیلی کے ہاتھ بھیجا
ایک گلاب کا پھول بھی ساتھ بھیجا
لکھا اے جان من بچپن سے تجھ پہ مرتا ہوں
جان سے زیادہ تجھے پیار کرتا ہوں آج اس بات کا اظہار کرتا ہوں
تو میرے خوابوں میں ہے خیالوں میں ہے
میرے اندھیروں میں ہے اُجالوں میں ہے
تو زمینوں میں ہے آسمانوں میں ہے دل کے نہاں خانوں میں ہے
اس سے مزید کچھ کہہ نہیں سکتا تیرے بنا زندہ رہ نہیں سکتا
تجھے صرف اتنا کہنا ہے اب تجھے پا کر ہی دم لینا ہے
اسی شام میرے خط کا لے کر وہ جواب آئی
یوں لگا اندھیرے میں چاندنی نکل آئی
بولی تیرے بن اب میں جی نہیں سکتی
اب اور جدائی کا زہر پی نہیں سکتی

میں بھی اپنے پیار کا اظہار کرنا چاہتی تھی
مگر مارے حیا کے کچھ کہہ نہ پاتی تھی
اب تم نے جو یہ قدم اُٹھایا ہے
اس بات نے میرا بھی حوصلہ بڑھایا ہے
جو تم ساتھ دو گے تو دنیا کا ہر دکھ اُٹھاؤں گی
حرف شکایت نہ لب پہ لاؤں گی
وعدہ کرو زندگی بھر مجھے پیار کرتے رہو گے
کہیں پیار میں مجھے دھوکہ تو نہ دو گے
تم اپنے اللہ سے ڈرنا
میری اُمنگوں کا کبھی خون نہ کرنا
نہ جانے یہ حقیقت تھی یا کوئی خواب تھا
اس سوال کا میرے پاس کوئی نہ جواب تھا

کہنا تیرے خیالوں میں اتنا کھو جاتا ہے
کئی بار روتے روتے سو جاتا ہے
زندگی بھر وہ کسی اور سے نہ پیار کر پائے گا
تیرے پیار کی حسیں یادیں ساتھ لے کر
اس دنیا سے کوچ کر جائے گا
سوچ لے کیا پھر تو بھی جی پائے گا

ابھی اس کی دید سے وضو کر رہا ہوں

جس کے ہجر میں ہاؤ ہو کر رہا ہوں
اُسی سے وصل کی آرزو کر رہا ہوں

راتوں کو اُس کی یاد میں رو رو کر
اپنی آنکھوں کو لہو لہو کر رہا ہوں

وہ میرے پہلو میں نہیں تو کیا
تصور میں اُس سے گفتگو کر رہا ہوں

اُس کی محبت بھری نگاہ کا محتاج ہوں
میں کب آرزوئے رنگ و بو کر رہا ہوں

میں نمازِ عشق بھی پڑھوں گا ناصح
ابھی اُس کی دید سے وضو کر رہا ہوں

جانتا ہوں میں اُسے پا نہیں سکتا
جو مقدر میں نہیں اُس کی جستجو کر رہا ہوں

یہ دُوری مٹالیں

اس نے کہا سُنا ہے راتوں کو مجھے یاد کر کے روتے ہو
میں نے کہا سنا ہے میری یاد میں تم بھی کم سوتے ہو
اس نے کہا ان دنوں کس سے راہ و رسم ہے
میں نے کہا کسی سے بھی نہیں تمہاری قسم ہے
اس نے کہا میرے بِن اب تم کیسے جیتے ہو
میں نے کہا جیسے تم جدائی کا زہر پیتے ہو
اس نے کہا اب تیرا وقت کیسے کٹتا ہے
میں نے کہا تیری یاد سے جگر پھٹتا ہے
اس نے کہا اب بھی مجھ سے محبت کرتے ہو
میں نے کہا کیا تم اسی طرح مجھ پہ مرتے ہو
اس نے کہا میری جان اصغرؔ کیوں نہ یہ دُوری مٹالیں
میں نے کہا آؤ ایک بار پھر تمہیں گلے سے لگالیں

مکالماتی نظم

میں نے کہا کب دن سہانے آئیں گے
اس نے کہا جب وہ پرانے زمانے آئیں گے
میں نے کہا گزرا زمانہ آتا نہیں دوبارہ
اس نے کہا کیا میری یاد نہیں کوئی چارہ
میں نے کہا مجھے رات بھر نیند نہیں آتی ہے
اس نے کہا کیا میری یاد ستاتی ہے
میں نے کہا کبھی خوابوں میں ملنے آیا کرو
اس نے کہا کیا بزم خیال میں ہمیں بلایا کرو
میں نے کہا کیا قیمت ہے آپ کے دل میں رہنے کی
اس نے کہا تجھے ہمت ہی کہاں ہے کرایہ دینے کی
میں نے کہا چند دن مہمان سمجھ کر رکھ لیجئے
اس نے کہا پہلے اکیلے پن کا مزہ چکھ لیجئے
میں نے کہا عمر کے ساتھ وزن بھی بڑھتا جا رہا ہے
اس نے کہا میں فون رکھتی ہوں کوئی آ رہا ہے

زخم کبھی سِلا نہیں کرتے

دوستی میں ہم لوگ اُمید صلہ نہیں کرتے
کسی سے دوستی نہ رہے تو گلہ نہیں کرتے
جن لوگوں کے ایک سے زیادہ روپ ہوں
ایسے لوگوں سے ہم کبھی ملا نہیں کرتے
دوستی کے پردے میں جو ہم سے حسد کریں
اُن کے لیے چاہت کے پھول کھلا نہیں کرتے
دوستی کی خاطر تو یہ جان بھی نچھاور کر دیں
یار کانٹوں پہ سُلا دے تو ہم کبھی ہلا نہیں کرتے
تلوار کے زخم تو بھر جاتے ہیں وقت کے ساتھ اصغؔر
زبان کے دیے ہوئے زخم کبھی سلا نہیں کرتے

مکالماتی نظم

میں نے کہا تیری یاد میں آنکھیں روتی ہیں
جواب آیا یہ اسی طرح صاف ہوتی ہیں
پوچھا درد ہجر کا کوئی علاج بتایئے
جواب آیا وصل ہو گا اسی طرح روتے جایئے
میں نے کہا اب آنکھوں کے ساتھ دل بھی روتا ہے
جواب آیا عاشقوں کے ساتھ اکثر یہی ہوتا ہے
میں نے کہا تیری محبت میری زندگی بھر کی کمائی ہے
جواب آیا تو ماہر مبالغہ آرائی ہے
میں نے کہا میری مشکلات کا کوئی حل بتایئے
جواب آیا اصغؔر خدا کے لیے ہمیں بھول جایئے

میرے یار ہو تم

اے دوست تم کیا جانو کہ تم میرے کیا ہو
میں پیاسا ہوں تم ساون کی گھٹا ہو
میرا چمن میری بہار ہو تم دل کے مختار ہو تم
خزاں میں بہار ہو تم میرے دل کا قرار ہو تم
جس کا کوئی ثانی نہیں وہ دلدار ہو تم
جس نے مجھے پیار دیا ایسے یار ہو تم
میرے غم خوار ہو تم
میرا گلشن میرا گلزار ہو تم
میرا پہلا اور آخری پیار ہو تم
مجھے آزماتے کیوں بار بار ہو تم

تم میرے کیا ہو

میرے من کا میت ہو تم
میری راگنی میرا سنگیت ہو تم
میری زندگی میری جیت ہو تم
جو مر کر بھی ٹوٹے وہ پریت ہو تم
میری قدر شناس ہو تم
میرا خواب ہو تم تعبیر ہو تم
میرا سنسار میری تقدیر ہو تم
میں مریض محبت زندگانی ہو تم
میرے سپنوں کی رانی ہو تم
میرے لبوں کی مسکان ہو تم
میں دل ہوں اور جان ہو تم

جدائی کا زہر

ہر بار جب تم میرا فون نمبر ملاتی ہو
پھر کیا سوچ کر خاموش ہو جاتی ہو
اس طرح مجھے کیوں تڑپاتی ہو
اپنی روح کو بھی اذیت پہنچاتی ہو
میرے ضبط کو کیوں آزماتی ہو
اپنے آپ کو کیوں ستاتی ہو
اب وقت کا تقاضا ہے کہ اک دوجے کو بھول جائیں
وصل کا خیال بھی اب ذہن میں نہ لائیں
ان پیار بھری یادوں کے سہارے جی لیں
ہنس کر جدائی کا زہر پی لیں

تیری یاد میں

تیری یاد میں بے قرار ہے دل
پھر دھوکہ کھانے کو تیار ہے دل
اب کسی کا گزر نہیں ہوتا
ان دنوں اِک اُجڑا ہوا دیار ہے دل
روتاہے تو آنکھوں سے بہتا ہے لہو
کسی کی محبت میں گرفتار ہے دل
تیری یاد سے ہو گیا تھا غافل
اب تو ہر پل رہتا بیدار ہے دل
تیری جدائی میں رو رو کے یہ حال ہے
اب اصغرؔ کی طرح رہتا بیمار ہے دل

ان کے دل تک اپنی رسائی ہو گئی ہے
ہماری بھی کسی سے آشنائی ہو گئی ہے

دل میں محبت ہو تو ہر شے حسیں لگتی ہے
محبت سے زندگی میں روشنائی ہو گئی ہے

اب ہم بھی سر اُٹھا کر سرِ عام کہہ سکتے ہیں
کہ ہماری بھی کسی تک رسائی ہو گئی ہے

ہم تنہا ہی چلے تھے محبت کی جنگ جیتنے
میدان اُلفت میں اپنی پسپائی ہو گئی ہے

بھنور کو دیکھتے ہی سبھی سفینہ چھوڑ گئے
طوفاں سے بچ گئے مگر تنہائی ہو گئی ہے

ہم ابھی تک اس کی محبت کے قفس میں ہیں
کیسے سب سے کہہ دیں کہ رہائی ہو گئی ہے

جو قریب تھے وہ دور ہو گئے ہیں
ہمیں ملنے سے مجبور ہو گئے ہیں
میرے پاؤں کے چھالے تو دیکھ
ہم زخموں سے چور چور ہو گئے ہیں
جو دلوں میں بغض و حسد پالتے رہے
دیکھو ان کے چہرے بے نور ہو گئے ہیں
اس کی حسیں صورت کو دیکھ کر
اس سے محبت کرنے کو مجبور ہو گئے ہیں
ہمیں مٹانے والے سدا گمنام رہیں گے
جو لوگ اچھے تھے وہ مشہور ہو گئے ہیں

نہ چاہتے ہوئے

نہ چاہتے ہوئے بھی پیار تجھے کیے جا رہا ہوں میں
تیری یادوں کے سہارے جیئے جا رہا ہوں میں
زندگی بھر جو زخم دیے تیری چاہت نے دیے جاناں
اب رات دن انہیں سیے جا رہا ہوں میں
تیری یاد میں بہتے ہیں جو آنکھوں سے آنسو
انہیں دوا سمجھ کر پیئے جا رہا ہوں میں
تجھے بھولنے کی قسم کھائی تھی کبھی
اس کے عکس تجھے یاد کیے جا رہا ہوں میں
اصغرؔ کا دل توڑنے والی تو سدا خوش رہے
دل کہ گہرائیوں سے دُعائیں دیے جا رہا ہوں میں

داستان بنالیتا ہوں

باتوں ہی باتوں میں اک داستان بنا لیتا ہوں
غموں کے دور میں خود کو چٹان بنا لیتا ہوں

جن کی باتیں میرے کانوں میں رس گھولیں
بنا سوچے انہیں اپنی جان بنا لیتا ہوں

جب کوئی نہیں سنتا میری یہ غزلیں نظمیں
گھر کی دیواروں کو سننے والے کان بنا لیتا ہوں

پیار سے بات کرتا ہوں ہر اصغر و اکبر سے
اس طرح مشکل بات کو آسان بنا لیتا ہوں

اپنے دل کی بات مجھے کہنی ہو کسی سے
میں قلم کو اپنی زبان بنا لیتا ہوں

خدا نے مجھے ایسا منفرد انداز بخشا ہے
ہر بزم میں خود اپنی پہچان بنا لیتا ہوں

اپنے دل کو کوئی اُجڑا ہوا دیار نہ بنا
مگر کسی بے وفا کو اپنا یار نہ بنا
یہاں کوئی زیارت کرنے نہیں آئے گا
شہرِ دل سے اتنا دور اپنا مزار نہ بنا
ایک دن انہیں یہیں چھوڑ جانا ہے
تو یہاں شہنشاہوں جیسے دربار نہ بنا
ہر کسی سے سچے دل سے ملا کر
اپنے مفاد کے لئے کسی کو یار نہ بنا
یہ سمندر پار کبھی جا نہیں سکتی
کاغذ کی کشتی کے تو پتوار نہ بنا

بے سہاروں کو جب سے سہارے ملے ہیں
یوں لگا کہ ہمیں چاند ستارے ملے ہیں

آپ سے قبل بہت دوست زیست میں آئے
مگر کوئی نہ آپ جیسے پیارے ملے ہیں

لگتا ہے ہماری جوڑی آسماں پہ بنی ہے
کچھ اس طرح ہمارے ستارے ملے ہیں

ہمیں ہر کوئی مذاق ہی مذاق میں ٹالتا رہا
سبھی لوگوں سے جھوٹے لارے ملے ہیں

ہم نے جس کسی سے اپنا غم بانٹنا چاہا
اصغؔر کو سب درد کے مارے ملے ہیں

جب ہم اس جانِ جاں سے بچھڑے
ایسا لگا کہ سارے جہاں سے بچھڑے
اب تو ہمیں اتنی بھی خبر نہیں ہے
کہ ہم کب اور کہاں سے بچھڑے
اب تو اپنی کچھ ایسی حالت ہو چکی ہے
جیسے خانہ بدوش کارواں سے بچھڑے
ہم ایسے مرجھائے مرجھائے رہتے ہیں
جیسے کوئی پھول باغباں سے بچھڑے
زندگی میں بہت لوگ بچھڑے ہیں ہم سے
وہ بچھڑا تو لگا جیسے کوئی جاں سے بچھڑے

ہم سے ملنے کی انہیں فرصت نہیں ہے
ان کے پاس جانے کی ہمیں اجازت نہیں ہے
اس کے دل پہ ہمارا کوئی زور تو نہیں
نہیں ملتا تو نہ ملے ہمیں شکایت نہیں ہے
اب وہ معمولی سی بات بھی نہیں مانتا
منتیں کرنے کی ہماری بھی عادت نہیں ہے
بہتر ہے کہ اس کی یاد کے ساتھ جی لیں
اب ہمیں کسی سہارے کی ضرورت نہیں ہے
ہم ہر کسی سے بڑے پیار سے ملتے ہیں
ہمارے دل میں کسی کے لیے کدورت نہیں ہے

ابھی تک رکھا نہیں کوئی رکھوالا دل کا
کئی لوگ چوری کھول لیتے ہیں تالا دل کا
وہ بدنصیب میرے دل میں چلے آئیں
جنہیں ملتا نہیں کوئی چاہنے والا دل کا
جمعرات کو لوگ چراغ جلا دیتے ہیں
اس طرح بڑھ جاتا ہے اُجالا دل کا
میری آنکھوں سے خون رستا رہتا ہے
یوں لگتا ہے ٹوٹ گیا ہے پرنالہ دل کا
مجھ سے کوئی پیار کا کھیل نہیں کھیلتا
وہ نہیں جانتے میں ہوں بھولا بھالا دل کا

بڑی خطا کی جو کسی سے لگایا ہے دل
آج تک نہ اس ستمگر کو بھلا پایا ہے دل
ہم نے تو اسے بڑا سنبھال کر رکھا تھا
ایک پیاری سی صورت نے چرایا ہے دل
کھلونا سمجھ کر سب اسے توڑتے رہے
اس کے بعد پھر کسی پہ نہ آیا ہے دل
کسی کی دلنشیں صورت دیکھتے ہیں
اُسی پل مجھ سے ہو گیا پرایا ہے دل
اپنی خطاؤں سے یہ سیکھتا ہی نہیں
اصغؔر کے حصّے میں ایسا آیا ہے دل

کوئی اس کو میرا حال سنائے جا کر
کیسے جی رہا ہوں اسے بتائے جا کر
جس نے میرے دل کا سکون چرایا ہے
اسے کوئی ڈھونڈ کے لائے جا کر
ہم دونوں ایک دوسرے بنا کچھ نہیں
یہ بات کوئی اسے سمجھائے جا کر
دل کے نگر میں جو آگ اس نے لگائی
اب وہ شعلہ رو ہی اسے بجھائے جا کر
وہ میری علالت کا یقیں نہیں کرتا
میرے دل کے ایکسرے کوئی اسے دکھائے جا کر

ہم آنکھوں کو سمجھاتے رہتے ہیں
مگر پھر بھی اشک بہاتے رہتے ہیں
ہم تو کبھی اُف تک بھی نہیں کرتے
خاموشی سے آنسو بہاتے رہتے ہیں
کسی سے بچھڑنے کا کیا ماتم کرنا
زندگی میں نئے لوگ آتے رہتے ہیں
ہمارے دُکھوں سے کوئی اُداس نہ ہو
دنیا کے سامنے ہم مسکراتے رہتے ہیں
زیست طوفانوں کا اک سمندر ہے
ہم بے فکر ہو کر ناؤ چلاتے رہتے ہیں

میں تجھے یاد صبح و شام کرتا ہوں
میرا ہے جو سب تیرے نام کرتا ہوں
دنیا میں تیرے سوا کون ہے میرا
اب تیری تصویر سے کلام کرتا ہوں
تیری محبت بھلائے نہیں بھولتی
محبت بانٹتا ہوں اب یہی کام کرتا ہوں
تم میری ہو تم میری ہو تم میری ہو
آج اس بات کا اقرار سرِ عام کرتا ہوں
اب اک تیرا غم ہی ساتھی ہے اصغؔر کا
اس کے ساتھ ہی ختم یہ کلام کرتا ہوں

میں تمہارا پیار پانا چاہتا ہوں
اپنی ہستی کو مٹانا چاہتا ہوں
اک تمہیں ہی تو مانگا ہے جاناں
میں کب قارون کا خزانہ چاہتا ہوں
مجھے صرف تمہارا ساتھ کافی ہے
میں کہاں سارا زمانہ چاہتا ہوں
ویسے تو تم سے ملنا ناممکن ہے
تمہیں ملنے کا کوئی بہانہ چاہتا ہوں
میری آخری خواہش بھی ذرا سن لو
میں تمہارے دل میں گھر بنانا چاہتا ہوں

جب پیار کرتا ہے تو انتہا کرتا ہے
خوشی ہی نہیں غم بھی عطا کرتا ہوں
ستم گر کے دل میں بھی شاید رحم آئے
اس کے لیے میرا ٹوٹا دل دُعا کرتا ہے
ہمیں تو فقط تیری ذات سے غرض ہے
یہ غرض نہیں کہ کوئی اور کیا کرتا ہے
ہر مشکل میں کوئی مصلحت ہوتی ہے
اپنے صابر بندوں کی مدد خدا کرتا ہے
اشعار سے سب سامعین کا دل بہلاتا ہے
اس کے سوا اور اصغؔر کیا کرتا ہے

لحد میں جب خود کو تنہا پایا ہم نے
تو آواز دی تم مجھے کہاں چھوڑ چلے
بڑے ارمانوں سے ہم نے بنایا تھا سب
آج دنیا میں وہ سارا سامان چھوڑ چلے
اور کچھ تو نہ چھوڑا اس جہاں میں
مگر ہم اپنی آن بان شان چھوڑ چلے
جتنے بھی اپنے دل میں لے کر آئے تھے
جو پورے نہ ہوئے وہ ارمان چھوڑ چلے
دُعاؤں میں اصؔغر کو یاد رکھنا دوستو
آج سدا کے لیے ہم تمہارا جہاں چھوڑ چلے

لگتا ہے دُعاؤں کا اثر ہو گیا ہے
میرا دل محبت کا نگر ہو گیا ہے
ہر کوئی یہاں آ کر بیٹھ جاتا ہے
دل نہ ہوا بلکہ راہ گزر ہو گیا ہے
میرے دل میں جس کا گھر ہو گیا ہے
سمجھو دیر و حرم سے بے خبر ہو گیا ہے
اسے بھی شاید منزل کی تلاش ہے
اسی لیے تو میرا ہمسفر ہو گیا ہے
ہم نے پیار سے دل کو بہت بچانا چاہا
اِک حسیں صورت سے مگر ہو گیا ہے

جیسے ہی میرے خط کا جواب آیا
یوں لگا مجھ پہ دوبارہ شباب آیا
اس سے بچھڑ کر ایسا محسوس ہوا
کہ اب ہمیں دنوں کا حساب آیا
جب بھی اس کا کوئی پیغام آتا ہے
مجھے لگتا ہے ڈاک میں گلاب آیا
میرے سپنے میں جب گزر ہوا اس کا
یوں لگا کہ کتنا حسیں خواب آیا
تم ساتھ ہو تو زندگی کتنی حسیں ہے
ابھی تو اصغرؔ کو جینا جناب آیا

ہم کچھ ایسے دیوانے ہیں
جو خود سے بیگانے ہیں
داستان لیلیٰ مجنوں نہ سنا
وہ قصّے بڑے پرانے ہیں
لوگوں کے لبوں پہ اب
بڑے نئے افسانے ہیں
دنیا کی رونقیں راس ہیں
دل کے اندر ویرانے ہیں
میرے قتل میں جو ملوث تھے
وہ ہاتھ جانے پہچانے ہیں

اب جب کہ میرا دم نکلا جا رہا ہے
سنا ہے وہ مجھ سے ملنے آ رہا ہے
وہ میرے پہلو میں بیٹھا ہے لیکن
لگتا ہے وہ مجھ میں سما رہا ہے
دنیا میں جو آیا تھا بڑے خواب لے کر
دیکھو آج وہ خالی ہاتھ جا رہا ہے
ہم تو مقدر کے ستائے ہوئے لوگ ہیں
پھر ہمیں کیوں زمانہ ستا رہا ہے
جو خوشیاں بانٹتا تھا شہر بھر میں
آج کوئی نہ اس کے غم بنا رہا ہے

سوچا نہ تھا وہ اتنے جلد بدل جائیں گے
میرے دل کو پھول کی طرح مسل جائیں گے
کسی سے بچھڑ کر کوئی مر تو نہیں جاتا
کچھ دنوں بعد ہم بھی سنبھل جائیں گے
تجھ سے وفا کرتے ہیں کرتے رہیں گے
ہم کیسے تیرے رنگ میں ڈھل جائیں گے
محبت کی پٹڑی پہ اپنی ریل ڈال دی ہے
تم ساتھ ہو تو ہم کیسے پھسل جائیں گے
کبھی غم کی شدت کبھی درد کی انتہا
ان کی طرح آپ بھی مجھے مل جائیں گے

وہ جدائی کی مجھے بد دُعا دے گیا
نہ جانے کیوں ایسی سزا دے گیا
اب میں کہاں ڈھونڈھتا پھروں اسے
وہ کوئی نہ اپنے گھر کا پتہ دے گیا
لوٹ کر لے گیا دل کا چین و قرار
اس مرض کی کوئی نہ دوا دے گیا
میرے ارمانوں کا قتل سرِ عام کر کے
مجھے ان کا نہ کوئی خون بہا دے گیا
جو ساری دنیا سے مجھے عزیز تھا
وہی شخص اصغؔر کو دغا دے گیا

وہ جو میرے دل کی صدا لگتا ہے
نہ جانے وہ اجنبی میرا کیا لگتا ہے
جس کی قبولیت میں ابھی دیر ہے
مجھے ایسی ہی کوئی دُعا لگتا ہے
ہمارا روحانی رشتہ تو بڑا پرانا ہے
دیکھنے والوں کو یہ تعلق نیا لگتا ہے
جس نے میری زیست کو روشن کیا
مجھے وہ ایسا ایک دیا لگتا ہے
جس دن اس سے بات ہو جاتی ہے
اُس روز میرا چہرہ ہرا بھرا لگتا ہے
اس سے قبل تو سبھی بے وفا دوست ملے
مگر یہ مجھے دل کا کھرا لگتا ہے

دنیا میں اک تو ہی میری ہم نوا ہے
میرے سوا کوئی نہ میرا رہنما ہے
زندگی میں ہم سے کبھی دور نہ جانا
ہماری تم سے صرف اتنی التجا ہے
پہلی نظر میں ہم آپ کے دیوانے ہو گئے
زمانے بھر سے جدا آپ کی ہر ادا ہے
جہاں آپ کا جی چاہے لے جائیے مجھے
اب آپ سے وابستہ میری رضا ہے
تیرے سوا کوئی نہیں دلبر میرا
تجھے کیا خبر کہ تو ہی میری دل رُبا ہے
تیری خاطر جو کچھ لکھتا ہوں اصغؔر
میرا کوئی کمال نہیں یہ اللہ کی عطا ہے

مجھے تم سے محبت ہے
تمہیں دیکھنے کی حسرت ہے
میرے آنسوؤں کا غم نہ کرو
مجھے رونے کی عادت ہے
میری چاہت اوروں سے جدا ہے
میرے لیے محبت اک عبادت ہے
دل میں سکون نہ آنکھوں میں نیند
لگتا ہے تیرے غم کی شدت ہے
میں تجھے اپنا بنا نہ سکا
اس بات پہ مجھے ندامت ہے

آپ کا جب جی چاہے ہمیں آزمایئے
مگر ایک بار اپنا دیدار تو کرایئے
میرے دل کو اپنا ہی گھر سمجھئے
آپ کا جب جی چاہے آیئے جایئے
کئی سالوں سے آپ کے دیوانے ہیں
ہمیں دیکھ کر تو یوں نہ شرمایئے
آپ کی مسکراہٹ بڑی جان لیوا ہے
ہم جاں بلب ہیں آخری بار مسکرایئے
اصغرؔ سے گر ملنے کا ارادہ نہیں
تو ابھی میرے دل سے بوریا بستر اُٹھایئے

دیکھ تیرے در پہ اک دکھیارا آیا ہے
اسے محبت کی بھیک دے بے چارہ آیا ہے
جب کسی ے پیار سے میری جھولی بھری
پھر یاد اک ساتھی پیارا آیا ہے
تمہیں میری علالت کی خبر نہیں پہنچی
ورنہ عیادت کو تو شہر سارا آیا
آ کے دیکھ لے دیوانے کیسے ہوتے ہیں
تیری گلی میں کوئی مقدر کا مارا آیا ہے
ہم نے جب بھی کسی در پہ دستک دی
آواز آئی مُنی دیکھو کوئی بے سہارا آیا ہے

تنہائی میں یہ عالم ہے میری اُداسی کا
کوئی نہیں ہے میت روح پیاسی کا
اک تیرے سوا کچھ اور نظر نہیں آتا
اب یہ حال ہے میری بدحواسی کا
غریب کا پیٹ جو بھرا تو نیند بھی آئی
بریانی سے زیادہ مزا تھا روٹی باسی کا
منہ موڑ کے جانے والے ذرا سنتا جا
تمہارا دعویٰ تھا ہم سے روح شناسی کا
خدا کے سامنے کوئی چھوٹا بڑا نہیں
چاہے کوئی بیٹا ہو چودھری یا مراسی کا

میری نظر میں تیرا بڑا اعلیٰ مقام ہے
تو میرے لیے خاص ہے نہ کہ عام ہے
میں تم سے بے پنا محبت کرتا ہوں
کیا اس بات میں بھی کوئی کلام ہے
ہم جب کسی سے پیار کرتے ہیں
پرواہ نہیں کرتے کہ کیا ہونا انجام ہے
میں کسی اور کا تصور بھی کیسے کروں
میرے لبوں پہ ہر پل رہتا تیرا نام ہے
یہ تو سب کچھ اس دوست کی نذر ہے
کانوں میں رس گھولتا ہوا جس کا نام ہے

اپنی تمام عمر گزری ہے سفر میں
زیست کی ناؤ سدا رہی ہے بھنور میں
میرے دشمن ہزاروں اور تنہا تھا میں
ان کے خوف سے گھبرایا نہیں مگر میں
آج کل شیشے کے گھر میں رہتا ہوں
اسی لیے کسی پہ پھینکتا نہیں پتھر میں
اُدھر وہ انا کے قفس سے نہ نکل پائے
ہجر کے زنداں میں قید ہوں اِدھر میں
اس ستم گر میں کیسی کشش ہے
رہ سکتا نہیں کبھی اُس سے دُور میں

وہ حسیں جو بہت خوبصورت ہے
مجھے اس سے بے حد محبت ہے
ہم دونوں کا کوئی سہارا نہیں
ہمیں ایک دوسرے کی ضرورت ہے
چاہت بنا زندگی ادھوری لگتی ہے
کسی سے محبت کرنا قانونِ قدرت ہے
محبت کسی سے بھی ہو سکتی ہے
سنتے آئے ہیں یہ انسانی فطرت ہے
جینے کو تیرے بن بھی جی رہا ہوں
مجھے داد دے کہ میری کتنی ہمت ہے

میرا وہ دوست بڑا وفا شناس ہے
جو دور رہ کے بھی میرے پاس ہے
اس سے وصل کی آس لگائے بیٹھا ہوں
مگر مجھے اس کا ہجر ہی راس ہے
اس کی خوشبو رچی ہے فضاؤں میں
یوں لگتا ہے وہ میرے آس پاس ہے
آنکھوں کی گلیوں کو تیرا انتظار ہے
تیرے بن میری دنیا مگر اُداس ہے
مجھے تیری ہر اُلجھن کا احساس ہے
یہ نہ سمجھنا کہ اصغرؔ خود شناس ہے

جب کسی دوست کا انتقال ہوتا ہے
پھر انسان کو بڑا ملال ہوتا ہے
وہ بُرے کاموں میں ملوث نہیں
جن کی رگوں میں رزق حلال ہوتا ہے
خدا کسی کو ایسا عروج نہ دے
جس کے بعد زوال ہی زوال ہوتا ہے
دنیا کے بازار میں اسی کی قدر ہے
جس گاہک کی جیب میں مال ہوتا ہے
اپنے اشعار سے پتھر کو ہیرا بنا دے
یہ سب اصغؔر کے تخیل کا کمال ہوتا ہے

مجھے اپنے دل کا حال سنانے نہیں دیتا
اس سے کتنا پیار ہے یہ بتانے نہیں دیتا
تنہا رہ کر وہ اتنا پتھر دل ہو گیا ہے
اپنے سوئے ہوئے جذبات جگانے نہیں دیتا
جی چاہتا ہے کہ ابھی اس سے جا ملوں
مگر وہ مجھے اپنے شہر آنے نہیں دیتا
اس کی جدائی کے جو زخم ہیں سینے میں
انہیں کسی کو دکھانے نہیں دیتا
جب کبھی بھولے سے آتا ہے خوابوں میں
مجھے اپنی نظروں سے دور جانے نہیں دیتا

جب تو میرا تصور ہو جاتا ہے
میرا سارا گھر معطر ہو جاتا ہے
کچھ عجیب سا سحر چھا جاتا ہے
اصغؔر اپنے آپ سے بے خبر ہو جاتا ہے
کیا بتاؤں تیرا خیال آتے ہی جاناں
اسی پل میرا چہرہ منور ہو جاتا ہے
جس کے دل میں محبت نہیں ہوتی
ایسا بے حس انسان پتھر ہو جاتا ہے
عشق کے سمندر میں اگر اناڑی غوطہ لگائے
اصغؔر کی طرح وہ بھی شناور ہو جاتا ہے

جی رہا ہوں یا زندگی سے دھوکہ کر رہا ہوں
جو غم ملے ان سے سمجھوتا کر رہا ہوں
دنیا والوں کی نظروں میں زندہ ہوں لیکن
تیری جدائی میں گھٹ گھٹ کے مر رہا ہوں
بجھتے جا رہے ہیں میری اُمیدوں کے چراغ
اپنے خونِ جگر سے انہیں بھر رہا ہوں
اس نے مجرم ٹھہرایا ہے اپنی عدالت میں مجھے
